Subject Code : **08**

**March, 2014**

# URDU

*Time* : 3 *Hours* 15 *Minutes* ] [ *Total No. of Questions* : 55 ] [ *Max. Marks* : 100

ہدایات : i) تمام سوالات لازمی ہیں۔

ii) تمام سوالات کے نشانات (مارکس) بائیں جانب درج ہیں۔

iii) خوش خط اور املا کا خاص خیال رکھیں۔

I. ان سوالوں کے جواب ایک لفظ، فقرے یا جملے میں لکھیے : 10 × 1 = 10

1. جامن کا پیڑ ایک ............... ہے۔

(i) افسانہ (ii) خاکہ (iii) ڈراما

2. مہمانوں کی آمد پر مولانا حالیؔ کا سلوک کیسا تھا ؟

3. عیاش نے کونسی گٹھری پھینکی ؟

4. ملاقات پر خاتون نے مصنف سے کس طرح معذرت کی ؟

5. مصیبت کے بادل چھٹنے پر کیا ہوتا ہے ؟

6. سردی کی گرما گرمی کے مضمون نگار کون ہیں ؟

7. پروفیسر عبدالسلام نے امام غزالیؒ کی کس کتاب کا حوالہ دیا ہے ؟

8. اڈو کو عید کا انتظار کیوں رہتا تھا ؟

9. عبارت کی خرابی میں کس کا حصہ ہوتا ہے ؟

10. رحمٰن صاحب کون تھے ؟

II. (الف) درج ذیل سوالوں میں سے **پانچ** کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے : 5 × 2 = 10

11. حالؔی سے ملنے والا ہر شخص کیوں خوش ہوتا تھا ؟

12. عاشقوں کے گروہ نے کیا کیا ؟

13. انسان کے نفس کی تربیت کیسے ہوتی ہے ؟

14. قرونِ اولیٰ کے مسلمانوں نے قران وحدیث کی تعلیم اختیار کر کے کیا حاصل کیا ؟

15. رات کو جب نیند نہیں آتی تھی تو ادو کیا سوچا کرتا ؟

16. پنڈت ہری چند اختر نے نئے لکھنے والوں سے کیا کہا ؟

17. مرزا صاحب نے کلیم کے ذریعہ کیا منگوایا اور کیوں ؟

(ب) درج ذیل سوالوں میں سے **پانچ** کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیں : 5 × 2 = 10

18. سورۂ رحمٰن میں خلد کی حوروں کی تعریف کن الفاظ میں کی گئی ہے ؟

19. بدرِ منیر کی حالت دیکھ کر نجم النساء نے کیا کہا ؟

20. شاعر کے مطابق انسان ہمیشہ زندہ کیوں کر رہ سکتا ہے ؟

21. نظم ''جواب'' سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے ؟

22. نئے سورج کے ابھر آنے سے کون کونسی تبدیلیاں آئیں ؟

23. نظم ''ہاتھوں کا ترانہ'' کا مرکزی خیال کیا ہے ؟

24. نظم ''کتے'' میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے ؟

III. صرف دوسوالوں کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھئے: 2 × 5 = 10

25. افسانہ ''جامن کا پیڑ'' کے پیشِ نظر ہمارے دفتری نظام پر اظہارِ خیال کیجئے؟

26. مولانا حالیؔ کی خاکساری وفروتنی سے متعلق کوئی ایک واقعہ لکھئے۔

27. بینک منیجر نے کھاتہ کھولنے والے شخص کو کیسے راضی کیا ؟

28. بتایئے کہ موسمِ سردی میں بھی تاجر کس طرح اپنے فائدے کا خیال رکھتا ہے؟

IV. (الف) ذیل کے کسی **تین** جملوں کی بحوالہ متن وضاحت کریں: 3 × 2 = 6

29. ''دوسری طرف دو حکومتوں کے تعلقات کا سوال ہے۔''

30. ''حضور دیکھئے تو سہی کتنی سردی پڑ رہی ہے۔ آپ جسے لیمو سمجھ رہے ہیں وہ اصل میں نارنگی ہے۔''

31. ''اور ہم نے لوہے کو ان کے لئے ملائم کر دیا۔''

32. ''اڈو کے بچے۔ آج صبح سے کہاں غائب ہے تو؟''

33. جنابِ والا لکھنؤ کی سیر کر آئے اور ہمیں خبر نہ ہوئی............''

(ب) درج ذیل محاوروں میں سے کسی **چار** کو جملوں میں استعمال کریں : 4×1 = 4

34. پھولے نہ سمانا رفو چکر ہونا بال بال بچنا

لوہے کے چنے چبانا مٹھی گرم کرنا منہ میں پانی بھر آنا

V. (الف) ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے : $1 \times 6 = 6$

35. (i) فرصت نہیں (ii) ایک چہلم پر (iii) علی بن متقی رویا

(ب) ذیل میں سے پانچ اشعار کی تشریح کیجئے: $5 \times 2 = 10$

36. محبت میں نہیں ہے فرق جینے اور مرنے کا
اسی کو دیکھ کر جیتے ہیں جس کافر پہ دم نکلے

37. تو شاہین ہے، پرواز ہے کام تیرا
ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

38. دیکھو تو چشمِ یار کی جادو نگاہیاں
بے ہوش اک نظر میں ہوئی انجمن تمام

39. ہم کو مٹا سکے یہ زمانے میں دم نہیں
ہم سے زمانہ خود ہے، زمانے سے ہم نہیں

40. سوزِ غم سے نہ ہو جو مالا مال
اس کو سچی خوشی نہیں ملتی

41. کوتاہیوں کی اپنی میں تاویل کیا کروں
میرے ہر ایک کھیل مجھی سے بگڑ گیا

42. یہی ہے زندگی کچھ خواب، چند امیدیں
انہیں کھلونوں سے تم بھی بہل سکو تو چلو

(ج) ذیل میں سے کسی ایک رباعی کا مفہوم لکھیے : $1 \times 4 = 4$

43. کردار سے اپنے اشکبار آیا ہوں
اعمال سے اپنے شرمسار آیا ہوں
اے بخشنے والے سب گنہگاروں کے
مایوس نہ کر امیدوار آیا ہوں

44. آرام بھی ہے جہاں میں آزار بھی ہے
ہے امن واماں بھی اور پیکار بھی ہے
راحت کے ساتھ رنج بھی ہیں موجود
سچ ہے کہ جہاں گل ہے وہاں خار بھی ہے

VI. 45. کسی چار کے مترادفات لکھیے: $4 \times \frac{1}{2} = 2$

برسات، آتش، افلاس، رقص، زیست، اضطراب۔

46. صرف چار کی اضداد لکھیں : $4 \times \frac{1}{2} = 2$

ذلّت، گلشن، جنّت، بہار، معروف، امانت۔

47. کسی ایک کی تعریف مع مثال لکھیے : $1 \times 2 = 2$

i) تشبیہ ii) تضاد iii) مبالغہ

48. کسی دو کی تعریف مع مثال لکھیے : $2 \times 1 = 2$

i) نعت ii) قصیدہ iii) مثنوی۔

49. درج ذیل سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے ایک ایک مرکب لفظ بنائیے: $4 \times \frac{1}{2} = 2$

[ نیک ] [ پُر ] [ پرست ] [ نگار ]

08

VII. (الف) 50. درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیں اور اسکے نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب دیں : 5 × 1 = 5

.V

اگر منزل مقصود پر پہنچنے کی آرزو ہے تو نوجوانوں کو سمجھ لینا چاہیئے کہ دنیا میں کوئی شئے مفت نہیں ملتی۔ باقاعدہ اور جانکاہ محنت کے بغیر کامیابی ایک خواب ہے۔ نوجوانوں کو چاہیئے کہ وہ اپنے اوقات کو کام میں مشغول رکھیں، بے کاری میں زندگی بسر نہ کریں۔ انہیں یقین ہونا چاہیئے کہ کام زندگی ہے اور بے کاری موت ہے۔ ہر نوجوان کو اپنے پیش نظر مقصد کے لئے ہمیشہ ہمت اور کوشش میں مشغول رہنا چاہیئے۔ یہ کوشش مجنونوں کی سی ہونی چاہیئے۔ گذشتہ زمانے میں بھی نامور انسان اپنے مقصد کے لئے ایک خاص دھن میں مشغول رہے ہیں، ان کو دنیا نے مجنوں کہا ہے۔ اگر یہ مجنوں نہ ہوتے تو دنیا ترقی کی منزل میں ایک قدم آگے نہ بڑھتی۔ قافلے کے قافلے گہری اور میٹھی نیند میں پڑے سوتے ہیں، مگر یہ مجنوں اس وقت بھی تگ و دو میں سرگرم نظر آتے ہیں۔ ان کو آوازِ جرس کی ضرورت نہیں۔ دل کی آواز ہی ان کو ہر وقت جگاتی اور آگے بڑھاتی رہتی ہے۔ مجنوں راستے کے خطرات سے نہیں گھبراتے بلکہ خطرات کو خود طلب کرتے ہیں۔

سوالات : i) کس کے بغیر کامیابی ایک خواب ہے ؟

ii) کام زندگی ہے تو بے کاری کیا ہے ؟

iii) کوشش کیسی ہونی چاہیئے ؟

iv) مجنوں نہ ہوتے تو دنیا کیا ہوتی؟

v) مجنوں کس سے نہیں گھبراتے ؟

Mar

Time

(ب) 51. والد کے نام خط لکھئے اور اپنے کالج کے تعلیمی سفر کے لئے رقم بھیجنے کی گذارش کیجئے۔ 5

VII. 52. کسی دو ضرب الامثال کی خالی جگہوں کو پُر کیجئے : 2 × 1 = 2

i) ................ گھوڑی لال لگام۔

ii) دودھ کا دودھ ...................... کا پانی۔

iii) گھر کا بھیدی ...................... ڈھائے۔

10

53. کسی ایک شعر میں مستعمل تلمیح کی نشاندہی کرتے ہوئے اس کا مختصر واقعہ لکھئے : 1 × 2 = 2

i) ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز

ii) موسیٰ کو تیرے حکم سے دریا نے راہ دی
فرعون کو تو نے غرق کیا رودِ نیل میں

54. قواعد اور املا کے اعتبار سے کسی دو جملوں کو درست کیجئے : 2 × 1 = 2

i) جہاں پھول ہوتی ہیں وہاں کاٹے ہوتا ہے۔

ii) تندرستی ہجار ںیمت ہیں

iii) علم کا حاسل کرنا ہر مسلمان مرداور اورت پر فرض ہے۔

55. ان جملوں کا انگریزی یا علاقائی زبان میں ترجمہ کیجئے : 4

i) ہندوستان ایک جمہوری ملک ہے۔

ii) سورج کی روشنی میں وٹامن-ڈی ہوتا ہے۔

iii) انسان ایک سماجی جانور ہے۔

iv) لائبریری علم کا خزانہ ہوتی ہیں۔